PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان سیریز کے لیے کمنٹری پینل اور براڈ کاسٹ پلان کا اعلان کردیا گیا

- ایلکن ولکنز، وسیم اکرم، رمیز راجہ، روشان ابے سنگھے اور بازید خان پر مشتمل کمنٹری پینل
- مہمان ٹیم کے استقبال کے لیے شائقین کرکٹ بڑی تعداد میں اسٹیڈیم کا رخ کریں، وسیم اکرم
- میں کمنٹری کے دوران کراچی اور لاہور کے شائقین کرکٹ کا جذبہ دیکھ چکا ہوں، سری لنکا کے خلاف سیریز میں بھی ان کا جوش ٹھنڈا نہیں پڑے گا، رمیز راجہ

لاہور، 26 ستمبر 2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے 27 ستمبر سےکراچی میں شروع ہونے والی سری لنکا کے خلاف سیریز کے لیے کمنٹری پینل اور براڈ کاسٹ پلان کا اعلان کردیا ہے۔

پلان کے مطابق دنیا بھر کے شائقین کرکٹ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کو ایکشن میں دیکھ سکیں گے۔کراچی اور لاہور میں شیڈول بالترتیب 3 ایک روزہ اور 3 ٹی ٹونٹی میچز کوبرصغیر میں سونی ٹین جبکہ سنگاپور، ہانگ کانگ، مڈل ایسٹ، نارتھ افریقہ اور کیریبین میں مقیم شائقین کرکٹ ٹین اسپورٹس پر براہ راست دیکھ سکیں گے۔ شائقین کرکٹ ملائشیا میں آسٹرو، امریکہ میں ویلو، یو کے اور یورپ میں سونی یو کے، آسٹریلیا میں فوکس، کینیڈا میں ڈی اے زی این اور جنوبی افریقہ میں سپر اسپورٹس پر براہ راست میچز دیکھ سکیں گے۔

ستاروں سے بھری کہکشاں سیریز کے دوران کمنٹری کے فرائض انجام دے گی۔ایلکن ولکنز، سابق پاکستانی کرکٹر رمیز راجہ، روشان ابے سنگھے،آئی سی سی ہال آف فیم کے رکن وسیم اکرم اور سابق کرکٹر بازید خان بطور کمنٹیٹری سیریز کے دوران میدان میں ہر لمحہ بدلتی صورتحال پر تبصرہ کریں گے۔

سیریز کے دوران 6 مختلف الٹرا موشن کیمروں کی مدد سے تیار پروڈکشن کھیل کے مداحوں کو ٹی وی اسکرین سے جوڑے رکھے گی۔ہاک آئی سمیت جدید پروڈکشن کا یہ نظام امپائرز کو ڈی آر ایس کے فیصلوں میں مدد دے گا۔

وسیم اکرم:

آئی سی سی ہال آف فیم کے رکن وسیم اکرم کا کہنا ہےکہ وہ سری لنکا کے خلاف سیریز کے منتظر ہیں۔ طویل عرصے بعدکوئی ٹیم 14 روز کے لیے پاکستان کے دورہ پر آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک کھلاڑی کے لیے ہوم کراؤڈ کے سامنے کرکٹ کھیلنا اعزاز کی بات ہوتی ہے۔ یہ جذبات بیان نہیں کیے جاسکتے ہیں۔وسیم اکرم نے کہا کہ اب وقت ہے کہ پاکستانی قوم اپنے ملک سے دور کرکٹ کھیلنے والی ٹیم کو بھرپور اسپورٹ کرنے میدانوں کا رخ کرے۔

سابق کپتان نے کہا کہ اس سیریز کی کامیابی کا اندازہ اسٹیڈیم میں موجود تماشائیوں کی تعداد سے لگایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ مہمان ٹیم کے استقبال کے لیے شائقین کرکٹ بڑی تعداد میں اسٹیڈیم کا رخ کرنا پاکستان سے متعلق منفی پروپیگنڈا کے خاتمے میں معاون ثابت ہوگا۔

رمیز راجہ:

پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان رمیز راجہ کا کہنا ہےکہ اسٹیڈیم میں موجود شائقین کرکٹ کا جوش کھلاڑی کے ساتھ ساتھ کمنٹیٹر کی بھی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں کمنٹری کے دوران کراچی اور لاہور کے شائقین کرکٹ کا جذبہ دیکھ چکا ہوں، امید ہے جمعہ کے روز بھی ان کایہ جوش ٹھنڈا نہیں پڑے گا۔

رمیز راجہ نے کہا کہ سری لنکا کرکٹ ٹیم کی پاکستان آمد درحقیقت ایک تاریخی دورہ ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ انکلوژرز میں موجود تماشائیوں کا شور سننے کے لیے بیتاب ہیں۔امید ہے دونوں ٹیموں کے درمیان کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4